© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

- مولانا مہر محمد میانوالوی رحمۃ اللہ علیہ: ممتاز محقق، اور معتدل مزاج عالمِ دین، مولانا مہر محمد میانوالوی ۹ رنومبر کو بن حافظ جی (میانوالی) میں انتقال کر گئے۔ مدح و دفاعِ صحابہ رضی اللہ عنہم کے عنوان پر تمام عمر مثبت جدو جہد کرتے رہے۔ کئی کتابیں تصنیف کیں۔ ’’مدرسہ قرآن وسنت‘‘ قائم کیا۔ حق تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائیں اوراعلیٰ علیین میں جگہ عطاء فرمائیں
- حافظ محمد طارق رحمۃ اللہ علیہ: بہاول پور میں ہمارے قدیمی محبّ و مہربان اور کرم فرما، بھائی حافظ محمد طارق ۱۳ر نومبر کو انتقال کر گئے۔ ان کی نمازِ جنازہ حضرت میاں مسعود احمد دین پوری مدظلۂ نے پڑھائی۔ مجلس احرار اسلام کے نائب امیر سید محمد کفیل بخاری، مولوی سید عطاء المنان بخاری، قاری عبدالعزیز (بہاولپور) اور دیگر مقامی احرار کارکنوں نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔
- حاجی عبدالقدیر مرحوم: مجلس احرار اسلام لاہور کے امیر حاجی عبدالقدیر صاحب ۱۳ رنومبر کو اچانک انتقال کر گئے۔ مرحوم گزشتہ ساٹھ برس سے مجلس احرار اسلام سے وابستہ تھے۔ ان کے والد مرحوم خواجہ انور مجید قدیم احرار کارکن تھے اور ۱۹۵۳ء کی تحریک ختم نبوت میں قید رہے۔ خواجہ عبدالقدیر مرحوم کی خدمات ہمیشہ یادرکھی جائیں گی۔ ۲۲ رنومبر کو سید محمد کفیل بخاری نے ان کی قائم کردہ مسجد (گوالمنڈی، لاہور) میں خطبۂ جمعہ دیا اور بعد ازاں مرحوم کے بھائیوں خصوصاً خواجہ محمد ایوب اور بیٹوں سے تعزیت کی۔
- ممتاز مصنف، محقق مولانا حکیم محمود احمد ظفر مدظلۂ کے چھوٹے بھائی جناب مشتاق احمد ۲۳ راگست بعمر ۷۷ سال انتقال کر گئے۔
- ممتاز صحافی جناب رؤف طاہر کی اہلیہ گزشتہ ماہ رحلت کر گئیں۔
- ملک خادم حسین ناصر بھٹی، جلال پور ۲۰ رنومبر کو انتقال کر گئے۔
- مدرسہ معمورہ کے استاد مولانا محمد اکمل اور مفتی نجم الحق کی بھتیجی ۲۷ رنومبر کو انتقال کر گئیں۔

قارئین سے درخواست ہے کہ ایصال ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خصوصی اہتمام فرمائیں (ادارہ)

# دعائے صحت

- جناب عزیز الرحمٰن سنجرانی: مجلس احرارِ اسلام ضلع ملتان کے سابق ناظم و رکن مرکزی مجلس شوریٰ۔ ان دنوں شدید علیل ہیں
- چودھری محمد اکرام: مجلس احرارِ اسلام لاہور کے قدیم کارکن اور مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن۔ گزشتہ کئی ماہ سے علیل ہیں
- محمد بشیر چغتائی: مدرسہ معمورہ ملتان کے سابق سفیر اور مجلس احرار اسلام کے مخلص کارکن، گزشتہ تین برس سے علیل ہیں

قارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام مریضوں کو شفاءِ کاملہ عطاء فرمائے (آمین)



© rasailojaraid.com